Presented by; https://jafrilibrary.com

اعمالِ ماہِ رجب المرجّب

واضح رہے کہ رجب، شعبان اور رمضان انتہائی بابرکت مہینے ہیں اور اِن کے فضائل میں بے شمار روایات وارد ہوئی ہیں۔ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے یہاں تک نقل کیا گیا ہے کہ ماہِ رجب خدا کا عظیم مہینہ ہے اور یہ وہ مہینہ ہے جس کی فضیلت کو کوئی مہینہ نہیں پاسکتا ہے اور جس میں کافروں سے جہاد کو بھی حرام کر دیا ہے۔ رجب خدا کا مہینہ ہے، شعبان میرا مہینہ ہے اور ماہِ رمضان میری اُمّت کا مہینہ ہے۔ اگر کوئی شخص ماہِ رجب میں روزہ رکھے تو پروردگار کی خوشنودی کا حقدار ہوگا اور اُس کے غضب سے محفوظ ہو جائے گا اور اُس کے لئے جہنّم کے دروازے بند ہو جائیں گے۔

امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے نقل کیا گیا ہے کہ جو شخص ماہِ رجب میں ایک دن روزہ رکھے گا آتشِ جہنّم اُس سے ایک سال کے فاصلہ تک دور ہو جائے گی اور جو شخص تین دن روزہ رکھے گا اُس کے لئے جنت لازم ہو جائے گی۔ اِس کے علاوہ فرمایا کہ رجب جنت میں ایک نہر کا نام ہے جو دودھ سے زیادہ سفید اور شہد سے زیادہ شیریں ہے اور ماہِ رجب میں ایک دن روزہ رکھنے والا بھی اُس نہر سے سیراب کیا جائے گا۔

امام جعفر صادق علیہ السلام سے نقل کیا گیا ہے کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا ہے

کہ ماہِ رجب میری اُمّت کے استغفار کا مہینہ ہے۔لہٰذا اِس مہینہ میں خدا سے زیادہ سے زیادہ مغفرت طلب کرو کہ خدا بہت بخشنے والا اور مہربان ہے۔اور رجب کو اصب اِسی لئے کہا جاتا ہے کہ اِس مہینہ میں اُمّت پر رحمتِ پروردگار کی بارش ہوتی ہے۔لہٰذا مسلسل (آستَغفِرُ اللهَ وَآسئَلُهُ التَّوبَةَ) کہتے رہو۔

ابن بابویہ رحمۃ اللہ علیہ نے معتبر سند کے ساتھ ابن سالم سے روایت کی ہے کہ آخرِ ماہِ رجب میں امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا جب کہ صرف چند دن باقی رہ گئے تھے تو حضرت نے مجھے دیکھ کر فرمایا کیا تم نے اِس مہینہ میں روزہ رکھا ہے؟ میں نے عرض کیا نہیں! فرمایا کہ اِس قدر ثواب تمہارے ہاتھوں سے نکل گیا کہ جس کی مقدار کو خدا کے علاوہ کوئی نہیں جانتا ہے۔یقیناً یہ مہینہ وہ ہے جس کو پروردگارِ عالم نے دوسرے مہینوں پر فضیلت دی ہے۔اِس کی حُرمت کو عظیم بنایا ہے اور اِس ماہ میں روزہ رکھنے والوں کی کرامت کو اپنے لئے واجب قرار دیا ہے۔تو میں نے عرض کی۔ اے فرزندِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اگر باقی دنوں میں روزہ رکھ لیا جائے تو کیا اِس میں سے کچھ ثواب حاصل ہو جائے گا؟ فرمایا سالم جو شخص ماہِ رجب کے آخر میں ایک دن روزہ رکھے گا پروردگارِ عالم اُس کو سکراتِ موت سے نجات دیدے گا اور مرنے کے بعد قبر کے ہول سے محفوظ رکھے گا اور اگر کوئی آخرِ ماہ میں دو دن روزہ رکھ لے گا تو صراط سے بآسانی گذر جائے گا اور اگر تین دن روزہ رکھے گا تو قیامت کے خوف سے محفوظ ہو جائے گا اور اُس دن کی شدّت اور ہول سے امن میں رہے گا اور خدا اُسے جہنّم سے نجات کا پروانہ عطا

فرمادے گا۔ یاد رکھو روزہ ماہِ رجب کے لئے بے شمار فضیلت وارد ہوئی ہے اور یہاں تک روایت میں ہے کہ اگر کوئی شخص روزہ رکھنے کے قابل نہ ہو تو روزانہ سو مرتبہ یہ (تسبیح) پڑھے تاکہ اُسے روزہ کا ثواب مل جائے۔

سُبحَانَ الْاِلٰهِ الْجَلِيْلِ سُبحَانَ مَن لَا يَنْبَغِي التَّسبِيْحُ اِلَّا لَهُ
سُبحَانَ الْاَعَزِّ الْاَكرَمِ سُبحَانَ مَن لَبِسَ الْعِزَّ وَهُوَلَهُ اَهْلٌ

اعمالِ ماہِ رجب المرجّب کی دو قسمیں ہیں

پہلی قسم: مشترک اعمال

جو پورے مہینہ کے لئے ہیں اور کسی دن سے مخصوص نہیں ہیں اور وہ چند چیزیں ہیں:

(۱) تمام ماہِ رجب میں یہ دعا پڑھے جو رجب کی پہلی تاریخ کو امام زین العابدین علیہ السلام نے پڑھی تھی:

يَا مَنْ يَّمْلِكُ حَوَائِجَ السَّائِلِيْنَ، وَ يَعْلَمُ ضَمِيْرَ الصَّامِتِيْنَ، لِكُلِّ مَسْاَلَةٍ مِنْكَ سَمْعٌ حَاضِرٌ، وَجَوَابٌ عَتِيْدٌ. اَللّٰهُمَّ وَمَوَاعِيْدُكَ الصَّادِقَةُ، وَاَيَادِيْكَ الْفَاضِلَةُ، وَ رَحْمَتُكَ الْوَاسِعَةُ فَاَسْاَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ وَّ اَنْ تَقْضِيَ حَوَائِجِي لِلدُّنْيَا وَ الْآخِرَةِ. اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ.

(۲) ہر روز ماہِ رجب میں اِس دعا کو پڑھے جو امام جعفر صادق علیہ السلام سے نقل کی گئی ہے:

خَابَ الْوَافِدُوْنَ عَلٰی غَیْرِكَ، وَخَسِرَ الْمُتَعَرِّضُوْنَ اِلَّا لَكَ، وَضَاعَ الْمُلِمُّوْنَ اِلَّا بِكَ وَ اَجْدَبَ الْمُنْتَجِعُوْنَ اِلَّا مَنِ انْتَجَعَ فَضْلَكَ بَابُكَ مَفْتُوْحٌ لِلرَّاغِبِیْنَ وَ خَیْرُكَ مَبْذُوْلٌ لِلطَّالِبِیْنَ، وَ فَضْلُكَ مُبَاحٌ لِلسَّائِلِیْنَ، وَ نَیْلُكَ مُتَاحٌ لِلْآمِلِیْنَ، وَ رِزْقُكَ مَبْسُوْطٌ لِمَنْ عَصَاكَ وَحِلْمُكَ مُعْتَرِضٌ لِمَنْ نَاوَاكَ عَادَتُكَ الْاِحْسَانُ اِلَی الْمُسِیْئِیْنَ وَ سَبِیْلُكَ الْاِبْقَاءُ عَلَی الْمُعْتَدِیْنَ اَللّٰهُمَّ فَاهْدِنِیْ هُدَی الْمُهْتَدِیْنَ وَ ارْزُقْنِیْ اِجْتِهَادَ الْمُجْتَهِدِیْنَ وَلَا تَجْعَلْنِیْ مِنَ الْغَافِلِیْنَ الْمُبْعَدِیْنَ، وَ اغْفِرْ لِیْ یَوْمَ الدِّیْنِ.

(۳) شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے مصباح میں معلّٰی بن خُنَیس کے حوالہ سے امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ ماہِ رجب میں اِس دُعا کو پڑھنا چاہیئے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ صَبْرَ الشَّاكِرِیْنَ لَكَ، وَعَمَلَ الْخَائِفِیْنَ مِنْكَ، وَ یَقِیْنَ الْعَابِدِیْنَ لَكَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ وَ اَنَا عَبْدُكَ الْبَائِسُ الْفَقِیْرُ اَنْتَ الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ وَ اَنَا الْعَبْدُ الذَّلِیْلُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِهٖ وَ امْنُنْ بِغِنَاكَ عَلٰی فَقْرِیْ، وَ بِحِلْمِكَ عَلٰی جَهْلِیْ وَ بِقُوَّتِكَ عَلٰی ضَعْفِیْ یَا قَوِیُّ یَا عَزِیْزُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِهِ الْاَوْصِیَاءِ الْمَرْضِیِّیْنَ وَ اكْفِنِیْ مَا اَهَمَّنِیْ

مِنْ اَمْرِ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ.

مؤلف کا بیان ہے کہ سیّد بن طاؤس رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اِس دعا کو اقبال الاعمال میں نقل کیا اور اُن کی روایت سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ یہ جامع ترین دعا ہے جو رجب کے علاوہ بھی دیگر اوقات میں پڑھی جا سکتی ہے۔

(۴) شیخ طوسی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ماہِ رجب میں ہر روز اِس دعا کا پڑھنا مستحب ہے۔

اَللّٰهُمَّ يَا ذَا الْمِنَنِ السَّابِغَةِ وَالْآلَاءِ الْوَازِعَةِ وَالرَّحْمَةِ الْوَاسِعَةِ، وَالْقُدْرَةِ الْجَامِعَةِ وَ النِّعَمِ الْجَسِيْمَةِ وَ الْمَوَاهِبِ الْعَظِيْمَةِ وَ الْاَيَادِي الْجَمِيْلَةِ وَ الْعَطَايَا الْجَزِيْلَةِ يَا مَنْ لَا يُنْعَتُ بِتَمْثِيْلٍ وَلَا يُمَثَّلُ بِنَظِيْرٍ وَلَا يُغْلَبُ بِظَهِيْرٍ يَا مَنْ خَلَقَ فَرَزَقَ وَاَلْهَمَ فَاَنْطَقَ وَ ابْتَدَعَ فَشَرَعَ، وَ عَلَا فَارْتَفَعَ، وَ قَدَّرَ فَاَحْسَنَ، وَ صَوَّرَ فَاَتْقَنَ، وَ احْتَجَّ فَاَبْلَغَ، وَ اَنْعَمَ فَاَسْبَغَ، وَ اَعْطٰى فَاَجْزَلَ، وَ مَنَحَ فَاَفْضَلَ يَا مَنْ سَمَا فِي الْعِزِّ فَفَاتَ نَوَاظِرَ الْاَبْصَارِ، وَ دَنَا فِي اللُّطْفِ فَجَازَ هَوَاجِسَ الْاَفْكَارِ يَا مَنْ تَوَحَّدَ بِالْمُلْكِ فَلَا نِدَّ لَهٗ فِي مَلَكُوْتِ سُلْطَانِهٖ وَتَفَرَّدَ بِالْآلَاءِ وَ الْكِبْرِيَاءِ فَلَا ضِدَّ لَهٗ فِي جَبَرُوْتِ شَاْنِهٖ يَا مَنْ حَارَتْ فِي كِبْرِيَاءِ هَيْبَتِهٖ دَقَائِقُ لَطَائِفِ الْاَوْهَامِ، وَانْحَسَرَتْ دُوْنَ اِدْرَاكِ عَظَمَتِهٖ خَطَائِفُ اَبْصَارِ الْاَنَامِ. يَا مَنْ عَنَتِ الْوُجُوْهُ لِهَيْبَتِهٖ، وَ خَضَعَتِ الرِّقَابُ

لِعَظَمَتِهِ، وَ وَجِلَتِ الْقُلُوبُ مِنْ خِيفَتِهِ اَسْاَلُكَ بِهٰذِهِ الْمِدْحَةِ الَّتِي لَا تَنْبَغِي اِلَّا لَكَ وَبِمَا وَاَيْتَ بِهِ عَلٰى نَفْسِكَ لِدَاعِيكَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ وَبِمَا ضَمِنْتَ الْاِجَابَةَ فِيهِ عَلٰى نَفْسِكَ لِلدَّاعِينَ يَا اَسْمَعَ السَّامِعِينَ، وَ اَبْصَرَ النَّاظِرِينَ، وَ اَسْرَعَ الْحَاسِبِينَ، يَا ذَا الْقُوَّةِ الْمَتِينَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِيِّينَ وَعَلٰى اَهْلِ بَيْتِهِ وَ اقْسِمْ لِي فِي شَهْرِنَا هٰذَا خَيْرَ مَا قَسَمْتَ وَاحْتِمْ لِي فِي قَضَائِكَ خَيْرَ مَا حَتَمْتَ، وَاخْتِمْ لِي بِالسَّعَادَةِ فِيمَنْ خَتَمْتَ وَاَحْيِنِي مَا اَحْيَيْتَنِي مَوْفُورًا وَ اَمِتْنِي مَسْرُورًا وَ مَغْفُورًا وَ تَوَلَّ اَنْتَ نَجَاتِي مِنْ مُسَائَلَةِ الْبَرْزَخِ وَادْرَاْ عَنِّي مُنْكَرًا وَنَكِيرًا، وَ اَرِ عَيْنِي مُبَشِّرًا وَّ بَشِيرًا، وَّ اجْعَلْ لِي اِلٰى رِضْوَانِكَ وَجِنَانِكَ مَصِيرًا وَعَيْشًا قَرِيرًا، وَ مُلْكًا كَبِيرًا، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِهِ كَثِيرًا.

مؤلّف کا بیان ہے کہ یہ دُعا مسجدِ صعصعہ میں بھی پڑھی جا سکتی ہے۔

(۵) شیخ طوسی رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کی ہے کہ امامِ عصر علیہ السّلام کی طرف سے شیخِ کبیر ابو جعفر محمد بن عثمان بن سعید کے ذریعہ یہ توقیع برآمد ہوئی ہے جس کو ماہِ رجب میں ہر روز پڑھنا چاہیے

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ. اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ بِمَعَانِي جَمِيعِ مَا يَدْعُوكَ بِهِ وُلَاةُ اَمْرِكَ الْمَاْمُونُونَ عَلٰى سِرِّكَ الْمُسْتَبْشِرُونَ

بِاَمْرِكَ الْوَاصِفُوْنَ لِقُدْرَتِكَ الْمُعْلِنُوْنَ لِعَظَمَتِكَ اَسْاَلُكَ بِمَا نَطَقَ فِيْهِمْ مِنْ مَّشِيْئَتِكَ فَجَعَلْتَهُمْ مَعَادِنَ لِكَلِمَاتِكَ وَ اَرْكَانًا لِتَوْحِيْدِكَ وَ آيَاتِكَ وَ مَقَامَاتِكَ الَّتِيْ لَا تَعْطِيْلَ لَهَا فِيْ كُلِّ مَكَانٍ يَعْرِفُكَ بِهَا مَنْ عَرَفَكَ لَا فَرْقَ بَيْنَكَ وَ بَيْنَهَا اِلَّا اَنَّهُمْ عِبَادُكَ وَ خَلْقُكَ فَتْقُهَا وَ رَتْقُهَا بِيَدِكَ بَدْؤُهَا مِنْكَ وَ عَوْدُهَا اِلَيْكَ اَعْضَادٌ وَ اَشْهَادٌ وَ مُنَاةٌ وَ اَذْوَادٌ وَ حَفَظَةٌ وَ رُوَّادٌ فَبِهِمْ مَلَأْتَ سَمَائَكَ وَ اَرْضَكَ حَتّٰى ظَهَرَ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ فَبِذٰلِكَ اَسْاَلُكَ وَ بِمَوَاقِعِ الْعِزِّ مِنْ رَّحْمَتِكَ وَ بِمَقَامَاتِكَ وَ عَلَامَاتِكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ آلِهٖ وَ اَنْ تَزِيْدَنِيْ اِيْمَانًا وَ تَثْبِيْتًا يَا بَاطِنًا فِيْ ظُهُوْرِهٖ وَ ظَاهِرًا فِيْ بُطُوْنِهٖ وَ مَكْنُوْنِهٖ يَا مُفَرِّقًا بَيْنَ النُّوْرِ وَ الدَّيْجُوْرِ يَا مَوْصُوْفًا بِغَيْرِ كُنْهٍ وَ مَعْرُوْفًا بِغَيْرِ شِبْهٍ حَادَّ كُلِّ مَحْدُوْدٍ وَ شَاهِدَ كُلِّ مَشْهُوْدٍ وَ مُوْجِدَ كُلِّ مَوْجُوْدٍ وَ مُحْصِيَ كُلِّ مَعْدُوْدٍ وَ فَاقِدَ كُلِّ مَفْقُوْدٍ لَيْسَ دُوْنَكَ مِنْ مَعْبُوْدٍ اَهْلَ الْكِبْرِيَاءِ وَ الْجُوْدِ يَا مَنْ لَا يُكَيَّفُ بِكَيْفٍ وَ لَا يُؤَيَّنُ بِاَيْنٍ يَا مُحْتَجِبًا عَنْ كُلِّ عَيْنٍ يَا دَيْمُوْمُ يَا قَيُّوْمُ وَ عَالِمَ كُلِّ مَعْلُوْمٍ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ آلِهٖ وَ عَلٰى عِبَادِكَ الْمُنْتَجَبِيْنَ وَ بَشَرِكَ الْمُحْتَجِبِيْنَ وَ مَلَائِكَتِكَ الْمُقَرَّبِيْنَ وَ الْبُهْمِ الصَّافِّيْنَ الْحَافِّيْنَ وَ بَارِكْ لَنَا فِيْ شَهْرِنَا هٰذَا الْمُرَجَّبِ الْمُكَرَّمِ وَ مَا بَعْدَهٗ مِنَ الْاَشْهُرِ الْحُرُمِ وَ اَسْبِغْ عَلَيْنَا فِيْهِ النِّعَمَ وَ اَجْزِلْ لَنَا فِيْهِ

اَلْقِسَمَ وَ اَبْرِزْ لَنَا فِيهِ الْقَسَمَ بِاِسْمِكَ الْاَعْظَمِ الْاَعْظَمِ الْاَجَلِّ الْاَكْرَمِ. الَّذِىْ وَضَعْتَهُ عَلَى النَّهَارِ فَاَضَاءَ وَعَلَى اللَّيْلِ فَاَظْلَمَ وَاغْفِرْ لَنَا مَا تَعْلَمُ مِنَّا وَمَا لَا نَعْلَمُ، وَاعْصِمْنَا مِنَ الذُّنُوبِ خَيْرَ الْعِصَمِ، وَاكْفِنَا كَوَافِيَ قَدَرِكَ، وَ امْنُنْ عَلَيْنَا بِحُسْنِ نَظَرِكَ، وَلَا تَكِلْنَا اِلٰى غَيْرِكَ، وَلَا تَمْنَعْنَا مِنْ خَيْرِكَ، وَ بَارِكْ لَنَا فِيمَا كَتَبْتَهُ لَنَا مِنْ اَعْمَارِنَا. وَ اَصْلِحْ لَنَا خَبِيئَةَ اَسْرَارِنَا وَاَعْطِنَا مِنْكَ الْاَمَانَ، وَاسْتَعْمِلْنَا بِحُسْنِ الْاِيْمَانِ، وَ بَلِّغْنَا شَهْرَ الصِّيَامِ، وَ مَا بَعْدَهُ مِنَ الْاَيَّامِ وَ الْاَعْوَامِ، يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ.

(۶) شیخ طوسی رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کی ہے کہ امام عصر علیہ السلام کے ناحیہ مقدسہ سے شیخ ابو القاسم کے ذریعہ یہ دُعائے مبارک وارد ہوئی ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْاَلُكَ بِالْمَوْلُوْدَيْنِ فِىْ رَجَبٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ الثَّانِيْ وَابْنِهِ عَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدٍ الْمُنْتَجَبِ، وَ اَتَقَرَّبُ بِهِمَا اِلَيْكَ خَيْرَ الْقُرَبِ، يَا مَنْ اِلَيْهِ الْمَعْرُوفُ طُلِبَ، وَفِيمَا لَدَيْهِ رُغِبَ، اَسْاَلُكَ سُؤَالَ مُقْتَرِفٍ مُذْنِبٍ قَدْ اَوْبَقَتْهُ ذُنُوبُهُ، وَ اَوْثَقَتْهُ عُيُوبُهُ، فَطَالَ عَلَى الْخَطَايَا دُؤُوبُهُ، وَ مِنَ الرَّزَايَا خُطُوبُهُ، يَسْاَلُكَ التَّوْبَةَ وَحُسْنَ الْاَوْبَةِ وَالنُّزُوعَ عَنِ الْحَوْبَةِ وَمِنَ النَّارِ فَكَاكَ رَقَبَتِهِ وَالْعَفْوَ عَمَّا فِىْ رِبْقَتِهِ، فَاَنْتَ مَوْلَاىَ اَعْظَمُ اَمَلِهِ

وَثِقَتِہٖ۔ اَللّٰھُمَّ وَ اَسْاَ لُکَ بِمَسَائِلِكَ الشَّرِيْفَةِ وَ وَسَائِلِكَ الْمُنِيْفَةِ اَنْ تَتَغَمَّدَنِيْ فِيْ هٰذَا الشَّهْرِ بِرَحْمَةٍ مِّنْكَ وَاسِعَةٍ وَ نِعْمَةٍ وَازِعَةٍ، وَ نَفْسٍ بِمَا رَزَقْتَهَا قَانِعَةٍ، اِلٰى نُزُوْلِ الْحَافِرَةِ، وَمَحَلِّ الْآخِرَةِ، وَمَا هِيَ اِلَيْهِ صَائِرَةٌ۔

(۷) شیخ طوسی رحمۃ اللہ علیہ نے جنابِ ابوالقاسم حسین بن روح رحمۃ اللہ علیہ (امامِ زمانہ علیہ السلام کے نائب خاص) سے روایت کی ہے کہ ماہِ رجب میں مشاہدِ مشرّفہ میں جہاں بھی رہو یہ زیارت پڑھو۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَشْهَدَنَا مَشْهَدَ اَوْلِيَائِهٖ فِيْ رَجَبٍ، وَ اَوْجَبَ عَلَيْنَا مِنْ حَقِّهِمْ مَا قَدْ وَجَبَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ الْمُنْتَجَبِ، وَ عَلٰى اَوْصِيَائِهِ الْحُجُبِ۔ اَللّٰهُمَّ فَكَمَا اَشْهَدْتَنَا مَشْهَدَهُمْ فَاَنْجِزْ لَنَا مَوْعِدَهُمْ، وَ اَوْرِدْنَا مَوْرِدَهُمْ، غَيْرَ مُحَلَّئِيْنَ عَنْ وِرْدٍ فِيْ دَارِ الْمُقَامَةِ وَ الْخُلْدِ وَ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، اِنِّيْ قَدْ قَصَدْتُكُمْ وَ اعْتَمَدْتُكُمْ بِمَسْاَلَتِيْ وَ حَاجَتِيْ وَهِيَ فَكَاكُ رَقَبَتِيْ مِنَ النَّارِ، وَ الْمَقَرُّ مَعَكُمْ فِيْ دَارِ الْقَرَارِ، مَعَ شِيْعَتِكُمُ الْاَبْرَارِ، وَ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ، اَنَا سَائِلُكُمْ وَ آمِلُكُمْ فِيْمَا اِلَيْكُمُ التَّفْوِيْضُ، وَ عَلَيْكُمُ التَّعْوِيْضُ، فَبِكُمْ يُجْبَرُ الْمَهِيْضُ، وَ يُشْفَى الْمَرِيْضُ، وَ مَا تَزْدَادُ الْاَرْحَامُ وَ مَا تَغِيْضُ، اِنِّيْ بِسِرِّكُمْ مُؤْمِنٌ، وَلِقَوْلِكُمْ مُسَلِّمٌ، وَعَلَى اللّٰهِ بِكُمْ

مُقْسِمٌ فِیْ رَجْعِیْ بِحَوَائِجِیْ وَقَضَائِهَا وَ اِمْضَائِهَا وَ اِنْجَاحِهَا وَ اِبْرَاحِهَا وَ بِشُؤُوْنِیْ لَدَیْكُمْ وَصَلَاحِهَا وَ السَّلَامُ عَلَیْكُمْ سَلَامَ مُوَدِّعٍ وَلَكُمْ حَوَائِجَهُ مُوْدِعٌ یَسْأَلُ اللّٰهَ اِلَیْكُمُ الْمَرْجِعَ وَسَعْیُهُ اِلَیْكُمْ غَیْرَ مُنْقَطِعٍ وَ اَنْ یَرْجِعَنِیْ مِنْ حَضْرَتِكُمْ خَیْرَ مَرْجِعٍ اِلٰی جَنَابٍ مُمْرِعٍ وَخَفْضٍ مُوَسَّعٍ وَدَعَةٍ وَمَهَلٍ اِلٰی حِیْنِ الْاَجَلِ وَخَیْرِ مَصِیْرٍ وَمَحَلٍّ فِی النَّعِیْمِ الْاَزَلِ، وَ الْعَیْشِ الْمُقْتَبَلِ، وَ دَوَامِ الْاُكُلِ، وَ شُرْبِ الرَّحِیْقِ وَالسَّلْسَلِ وَعَلٍّ وَنَهَلٍ لَا سَاٰمَ مِنْهُ وَلَا مَلَلَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ وَ تَحِیَّاتُهٗ عَلَیْكُمْ حَتَّی الْعَوْدِ اِلٰی حَضْرَتِكُمْ، وَالْفَوْزِ فِیْ كَرَّتِكُمْ، وَالْحَشْرِ فِیْ زُمْرَتِكُمْ، وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ عَلَیْكُمْ وَصَلَوَاتُهٗ وَ تَحِیَّاتُهٗ، وَهُوَ حَسْبُنَا وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ.

(۸) سیّد بن طاؤس رحمۃ اللہ علیہ نے محمد بن ذکوان سے روایت کی ہے جنھیں سجّاد کہا جاتا ہے کہ اُنھوں نے سجدہ میں اِس قدر گریہ کیا کہ بینائی زائل ہوگئی۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کی کہ یہ ماہِ رجب ہے، آپ مجھے کوئی دعا تعلیم فرمائیں جو میرے حق میں مفید ہو میں آپ پر قُربان۔ تو آپ نے فرمایا کہ اچّھا لکھو اور ہر روز ماہِ رجب میں صبح و شام ہر نماز کے بعد دن اور رات میں یہ دُعا پڑھتے رہنا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. یَا مَنْ اَرْجُوْهُ لِكُلِّ خَیْرٍ، وَآمَنُ

سَخَطَهُ عِنْدَ كُلِّ شَرٍّ، يَا مَنْ يُّعْطِي الْكَثِيْرَ بِالْقَلِيْلِ، يَا مَنْ يُّعْطِي مَنْ سَاَلَهُ، يَا مَنْ يُّعْطِي مَنْ لَّمْ يَسْاَلْهُ وَمَنْ لَّمْ يَعْرِفْهُ تَحَنُّنًا مِنْهُ وَرَحْمَةً اَعْطِنِي بِمَسْاَلَتِيْ اِيَّاكَ جَمِيْعَ خَيْرِ الدُّنْيَا وَ جَمِيْعَ خَيْرِ الْآخِرَةِ وَاصْرِفْ عَنِّيْ بِمَسْاَلَتِيْ اِيَّاكَ جَمِيْعَ شَرِّ الدُّنْيَا وَشَرِّ الْآخِرَةِ، فَاِنَّهُ غَيْرُ مَنْقُوْصٍ مَّا اَعْطَيْتَ، وَ زِدْنِيْ مِنْ فَضْلِكَ يَا كَرِيْمُ.

راوی کہتا ہے کہ اِس کے بعد حضرت نے اپنے بائیں ہاتھ سے محاسن شریف کو پکڑا نہایت ہی خشوع وخضوع کے ساتھ داہنے ہاتھ کی کلمہ کی اُنگلی کو حرکت دیتے ہوئے یہ کلمات زبان پر جاری کئے۔

يَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا ذَاالنَّعْمَاءِ وَالْجُوْدِ يَا ذَا الْمَنِّ وَ الطَّوْلِ حَرِّمْ شَيْبَتِيْ عَلَى النَّارِ.

(۹) رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت ہے کہ جو شخص ماہِ رجب میں سو مرتبہ کہے (اَسْتَغْفِرُ اللهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ) اور اِس کے بعد صدقہ دے تو پروردگا اُس کا انجام رحمت ومغفرت پر کرے گا اور اگر چار سو مرتبہ اِس ذکر کو دہرا دے گا تو پروردگار اُس کے لئے سو شہیدوں کا ثواب لکھ دے گا۔

(۱۰) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہی مروی ہے کہ جو شخص پورے ماہِ رجب میں ہزار مرتبہ (لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ) کہے گا پروردگار اُس کے لئے ایک لاکھ حسنات لکھ دے

گا اور جنت میں اُس کے لئے سو شہر آباد کر دے گا۔

(۱۱) روایت میں ہے کہ جو شخص ماہِ رجب میں صبح کے وقت ستّر مرتبہ اور ظہر کے وقت بھی ستّر مرتبہ کہے گا۔(اَسۡتَغۡفِرُ اللهَ وَ اَتُوۡبُ اِلَیۡهِ) اور اِس کے بعد ہاتھوں کو بلند کر کے کہے گا (اَللّٰھُمَّ اغۡفِرۡ لِیۡ وَتُبۡ عَلَیَّ) تو اگر وہ ماہِ رجب میں مر جائے گا تو خدا اُس سے راضی رہے گا اور آتش جہنّم اُسے چھو بھی نہیں سکتی ہے۔

(۱۲) پورے ماہِ رجب میں ہزار مرتبہ کہے (اَستَغفِرُ اللهَ ذَاالجَلَالِ وَالاِکرَامِ مِنۡ جَمِیۡعِ الذُّنُوبِ وَالۡاٰثَامِ) تا کہ پروردگار اُسے معاف کر دے۔

(۱۳) سیّد رحمۃ اللہ علیہ نے اقبال میں (سُورۂ قُل ھو اللهُ) کے دس ہزار مرتبہ یا ایک ہزار مرتبہ یا پورے ماہِ رجب میں سو مرتبہ پڑھنے کی بے شمار فضیلت بیان کی ہے اور روایت کی ہے کہ جو شخص ماہِ رجب کے روزِ جمعہ سو مرتبہ (سُورۂ قُل ھو اللهُ) پڑھ لے گا اُس کے لئے روزِ قیامت ایسا نور ہو گا جو اُسے جنت تک کھینچ کر لے جائے گا۔

(۱۴) سیّد رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کی ہے کہ جو شخص ماہِ رجب میں ایک دن روزہ رکھے گا اور چار رکعت نماز پڑھے گا جس کی پہلی رکعت میں سو مرتبہ (اٰیۃُ الکُرسِی) اور دوسری رکعت میں دو سو مرتبہ (سُورۂ قُل ھو اللهُ)

پڑھے گا تو دنیا سے جانے سے پہلے جنت میں اپنی جگہ خود دیکھ لے گا یا اُسے جنت میں دیکھا جائے گا۔

(۱۵) سیّد بن طاؤس رحمۃ اللہ علیہ نے رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کی ہے کہ جو شخص ماہِ رجب کے جمعہ کے دن چار رکعت نماز ظہر و عصر کے درمیان پڑھے گا اور ہر رکعت میں (سُورۂ الحمد) کے بعد سات مرتبہ (اٰیَةُ الکُرسِی) اور پانچ مرتبہ (سُورۂ قُل ھو اللہُ) اور آخر میں دس مرتبہ کہے گا (اَستَغفِرُ اللہَ الَّذِی لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ وَاَسئَلُہُ التَّوبَةَ) پروردگارِ عالم اُس کے لئے جس دن نماز پڑھی ہے اُس دن سے مرنے کے دن تک ہزار حسنات لکھتا رہے گا اور جو بھی آیت پڑھی ہے اُس کے بدلے بہشت میں ایک شہر یاقوتِ سُرخ کا اور ہر حرف کے بدلے ایک قصرِ سفید موتی کا تعمیر کردے گا اور اُس کا عقد حُورالعین سے کردے گا اور اُس سے راضی رہے گا اور اُس کا نام عبادت گذاروں میں درج کردے گا اور اُس کا انجام نیک بختی اور مغفرت پر ہوگا۔

(۱۶) ماہِ رجب کے تین دن پنجشنبہ، جمعہ اور ہفتہ کو روزہ رکھے کہ روایت میں ہے کہ جو شخص اِن محترم مہینوں میں تین دن روزہ رکھے گا پروردگا اُسے کو ۹، نو سال کی عبادتوں کا ثواب عنایت فرمائے گا۔

(۱۷) ماہِ رجب میں ۶۰، رکعت نماز پڑھے اِس طرح کہ ہر رات میں دو رکعت نماز

ادا کرے اور ہر رکعت میں (سورۂ الحمد) کے بعد تین مرتبہ (سورۂ قُل یا ایّہا الکُفرون) ایک مرتبہ (سورۂ قُل ھو اللّٰہ) پڑھے اور نماز کے بعد ہاتھوں کو بلند کر کے کہے۔

لَا اِلٰهَ اِلاَّ اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ. لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ. يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَ هُوَ حَيٌّ لَا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ. وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ. اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَآلِهٖ

یہ کہہ کر ہاتھوں کے اپنے چہرے پر پھیر لے کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کیا گیا ہے کہ جو شخص بھی یہ عمل انجام دے گا اُس کی دعا مستجاب ہوگی اور اُسے، ۶۰ حج اور، ۶۰ عمروں کا ثواب عطا کیا جائے گا۔

(۱۸) رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت ہے کہ جو شخص ماہِ رجب کی ایک رات میں سو مرتبہ سورہ قل ھو اللہ دو رکعت نماز میں پڑھے گا گویا اُس نے سو سال روزے رکھے ہیں۔ اور پروردگار بہشت میں اُسے سو قصر عنایت فرمائے گا اور ہر قصر کسی نہ کسی پیغمبر کے ہمسایہ میں ہوگا۔

(۱۹) آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی سے مروی ہے کہ جو شخص ماہِ رجب کی ایک رات میں دس رکعت نماز پڑھے گا اور ہر رکعت میں (سورۂ الحمد) کے بعد ایک مرتبہ (سورۂ قُل یا ایّہا الکُفرون) اور تین مرتبہ (سورۂ قُل ھو اللّٰہ) پڑھے گا پروردگار اُس کے ہر گناہ کو معاف کر دے گا۔

(۲۰) علاّمہ مجلسی رحمۃ اللہ علیہ نے (زاد المعاد) میں لکھا ہے کہ امیر المومنین علیہ السلام سے نقل کیا گیا ہے کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص بھی ماہِ رجب وشعبان و رمضان کی ہر رات میں تین تین مرتبہ (سُورۃ الحمد)(اٰیۃُ الکُرسِی) چاروں (قُل) پڑھے گا اور تین مرتبہ کہے گا (سُبحَانَ اللہِ وَالحَمدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ وَاللہُ اَکبَرُ وَلَا حَولَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ العَلِیِّ العَظِیمِ) اور تین مرتبہ کہے گا (اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ) اور تین مرتبہ کہے گا (اَللّٰھُمَّ اغفِر لِلمُؤمِنِینَ وَالمُؤمِنَاتِ) اور چار سو مرتبہ کہے گا (اَستَغفِرُ اللہَ وَاَتُوبُ اِلَیہِ) تو پروردگار اُس کے تمام گناہوں کو معاف کر دئے گا، چاہے وہ بارش کے قطرے، درخت کے پتّے اور دریا کے جھاگ کے برابر ہوں نیز علاّمہ مجلسی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ ماہِ رجب کی رات میں ایک ہزار مرتبہ (لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ) بھی وارد ہوا ہے۔

واضح رہے کہ ماہِ رجب کی پہلی شبِ جمعہ کو (لَیلَۃُ الرَّغائب) کہا جاتا ہے اور اِس کے لئے رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بے شمار فضیلت کے ساتھ ایک عمل وارد ہوا ہے جس کو ابن طاوٗس رحمۃ اللہ علیہ نے اقبال میں اور علاّمہ حلّی نے اجازۂ بنی زہرہ میں نقل کیا ہے جس کی فضیلتوں میں یہ بھی ہے کہ اِس کی وجہ سے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں اور جو شخص اِس نماز کو ادا کرے گا جب قبر کی پہلی رات ہوگی تو پروردگار اِس کے ثواب

کو حسین ترین شکل اور نورانی چہرہ کے ساتھ فصیح زبان دے کر بھیج دے گا اور وہ اُس سے کہے گا کہ میرے محبوب تجھے بشارت ہو کہ تو نے ہر سختی اور غم سے نجات حاصل کر لی ہے۔ تو وہ گھبرا کر پوچھے گا کہ میں نے تجھ جیسا تو حسین تو کوئی نہیں دیکھا ہے اور نہ ایسا شیریں کلام کبھی سُنا ہے، نہ ایسی خشبو محسوس کی ہے تو تو ہے کون؟ وہ کہے گا کہ میں اُس نماز کا ثواب ہوں جو تو نے فلاں سال ماہِ رجب کی فلاں رات میں انجام دی تھی۔ اب میں آیا ہوں کہ تیرے حق کو ادا کروں اور تیری تنہائی کا مونس بنوں، تیری وحشت کو زائل کروں اور جب روزِ قیامت صور پھونکا جائے تو تیرے سر پر سایہ فگن رہوں۔ خوشحال ہو جا کہ اب کوئی خیر تجھ سے زائل نہ ہوگا۔ اِس نماز کی کیفیت یہ ہے کہ ماہِ رجب کی پہلی جمعرات کو روزہ رکھے اور جب شبِ جمعہ ہو جائے تو نمازِ مغرب وعشاء کے درمیان بارہ رکعت نماز ادا کرے اور ہر دو رکعت پر سلام پڑھے اور ہر رکعت میں (سُورۂ الحمد) کے بعد تین مرتبہ (سُورۂ اِنّا انزلناہُ) اور بارہ مرتبہ (سُورۂ قُل ھو اللہُ) پڑھے۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد ۷۰ مرتبہ کہے (اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَاٰلِ مُحَمَّدٍ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ) اِس کے بعد سجدہ میں جائے اور ۷۰ مرتبہ کہے (سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّ الْمَلٰٓئِکَۃِ وَالرُّوحِ) پھر سجدہ سے سر اُٹھا کر ۷۰، مرتبہ کہے (رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَتَجَاوَزْ عَمَّا تَعْلَمُ اِنَّکَ اَنْتَ الْعَلِیُّ الْاَعْظَمُ) اور دوبارہ سجدہ میں جا کر پھر ۷۰ مرتبہ کہے (سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّ الْمَلٰٓئِکَۃِ وَالرُّوحِ) اور پھر اپنی حاجت طلب کرے جو (انشاء اللہ) پوری ہوگی۔ یہ بھی معلوم

رہے کہ ماہِ رجب میں زیارتِ امامِ رضا علیہ السلام مستحب بھی ہے اور خصوصیت بھی رکھتی ہے جس طرح کہ اِس مہینہ میں عمرہ کی فضیلت بھی وارد ہوئی ہے اور اُسے حج کے برابر قرار دیا گیا ہے اور نقل کیا گیا ہے کہ ماہِ رجب میں امام زین العابدین علیہ السلام نے عمرہ کیا تو روزانہ خانۂ کعبہ کے پاس نماز ادا فرماتے تھے اور شب و روز سجدہ کیا کرتے تھے اور سجدہ میں یہ ذکر کیا کرتے تھے

عَظُمَ الذَّنْبُ مِنْ عَبْدِكَ فَلْيَحْسُنِ الْعَفْوُ مِنْ عِنْدِكَ

پروردگار بندہ کا گناہ عظیم ہے لہٰذا تیری معافی کو بھی حسین ہونا چاہئے۔

قسم دوم: ماہِ رجب کے شب و روز کے مخصوص اعمال

پہلی رات

جو انتہائی محترم رات ہے اِس میں چند اعمال ہیں۔

(۱) جب چاند دیکھے تو پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اَھِلَّهُ عَلَيْنَا بِالْأَمْنِ وَالْإِيْمَانِ وَ السَّلَامَةِ وَالْإِسْلَامِ رَبِّيْ وَرَبُّكَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ

پروردگار اِس چاند کو ہمارے لئے امن و ایمان اور سلامتی و اسلام کا چاند قرار دیدینا۔ اے چاند میرا اور تیرا دونوں کا پروردگار وہی خدائے عزّوجل ہے۔

اور حضرتِ رسول سے منقول ہے کہ جب رجب کا چاند دیکھے تو پڑھے:

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْ رَجَبٍ وَشَعْبَانَ وَ بَلِّغْنَا شَهْرَ رَمَضَانَ وَاَعِنَّا عَلَى الصِّيَامِ وَ الْقِيَامِ وَحِفْظِ اللِّسَانِ وَ غَضِّ الْبَصَرِ وَلَا تَجْعَلْ حَظَّنَا مِنْهُ الْجُوْعَ وَ الْعَطَشَ

خدایا ہمیں ماہِ رجب و شعبان کی برکت عنایت فرما اور ہمیں ماہِ رمضان تک پہونچا دے اور اُس کے صیام و قیام اور اُس کے زمانے میں اپنی زبان کو محفوظ رکھنے اور نگاہوں کو نیچے رکھنے میں ہماری مدد فرما اور ہمارا حصّہ ماہِ رمضان میں صرف بھوک اور پیاس نہ ہونے پائے۔

(۲) اِس شب میں غسل کرے کہ بعض علماء نے فرمایا ہے اور رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت ہے کہ جو شخص ماہِ رجب کو حاصل کرلے اور اُس کی پہلی شب میں غسل کرے وہ گناہوں سے یوں نکل آتا ہے جیسے شکمِ مادر سے پیدا ہوا ہو۔

(۳) زیارتِ امام حسین علیہ السلام پڑھے۔

(۴) نمازِ مغرب کے بعد بیس رکعت نماز پڑھے (سُورۂ الحمد) اور (سُورۂ قُل ھو اللہ) کے ساتھ اور ہر دو رکعت کے بعد سلام پڑھے تاکہ خود اور اُس کے اہل وعیال، مال و اولاد سب محفوظ رہیں اور عذابِ قبر سے بھی پناہ میں رہے اور صراط سے مثالِ برق گذر جائے۔

(۵) نمازِ عشاء کے بعد دو رکعت نماز پڑھے جس کی پہلی رکعت میں (سُورۂ الحمد) اور (سورۂ الم نشرح) ایک مرتبہ اور (سُورۂ قُل ھو اللہ) تین مرتبہ، اور دوسری رکعت میں (سُورۂ الحمد) (سورۂ الم

نشرح) (سُورۂ قُل ھو اللهُ) (سُورۂ ناس) اور (سُورۂ فلق) پڑھے۔ سلام کے بعد تیس مرتبہ (لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ) اور تیس مرتبہ (صلوات) پڑھے تاکہ پروردگار اُس کے گناہوں کو معاف کر کے اتنا پاکیزہ بنا دے جیسے آج ہی پیدا ہوا ہے۔

(۶) تیس رکعت نماز پڑھے جس کی ہر رکعت میں (سُورۂ الحمد) اور (سورۂ قُل یا ایّھا الکُفرون) ایک مرتبہ اور (سُورۂ قُل ھو اللهُ) تین مرتبہ۔

(۷) وہ عمل بجالائے جسے شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے (مصباح متہجد) میں ذکر کیا ہے (شبِ اوّلِ رجب کے اعمال میں) ابوالبختری وہب بن وہب کے واسطہ سے امامِ صادق علیہ السّلام سے اور اُنہوں نے اپنے آباء واجداد کے ذریعہ امیر المومنین علیہ السّلام سے نقل کیا ہے کہ حضرت کو یہ بات پسند تھی کہ انسان اپنے کو سال میں چار رات خالی رکھے اور اُن راتوں کو عبادتِ الٰہی میں گذار دے۔ شبِ اوّلِ ماہِ رجب، شبِ نیمۂ شعبان، شبِ عید الفطر، اور شبِ عیدِ قربان۔

امام محمد تقی علیہ السّلام سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا کہ جو شخص نمازِ عشاء کے بعد شبِ اوّلِ رجب اِس دُعا کو پڑھے اُس نے گویا ایک کارِ محبوب انجام دیا۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِاَنَّكَ مَلِكٌ وَاَنَّكَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ مُّقْتَدِرٌ وَاَنَّكَ مَاتَشَآءُ مِنْ اَمْرٍ یَکُوْنُ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَتَوَجَّهُ اِلَیْكَ بِنَبِیِّكَ مُحَمَّدٍ نَبِیِّ الرَّحْمَةِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ یَا مُحَمَّدُ یَارَسُوْلَ اللهِ اِنِّیْٓ

اَتَوَجَّهُ بِكَ اِلَى اللهِ رَبِّكَ وَرَبِّي لِيُنْجِحَ بِكَ طَلِبَتِي اَللّٰهُمَّ بِنَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ وَالْاَئِمَّةِ مِنْ اَهْلِ بَيْتِهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَيهِمِ اَنْجِحْ طَلِبَتِي

اِس کے بعد اپنی حاجتیں بیان کرے۔ علی بن حدید سے روایت ہے کہ امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نمازِ شب سے فراغت کے بعد سجدہ میں یہ دُعا پڑھا کرتے تھے۔

لَكَ الْمَحْمَدَةُ إِنْ أَطَعْتُكَ، وَلَكَ الْحُجَّةُ إِنْ عَصَيْتُكَ، لَا صُنْعَ لِي وَلَا لِغَيْرِي فِي إِحْسانٍ إِلاَّ بِكَ، يَا كَائِناً قَبْلَ كُلِّ شَيْءٍ، وَيَا مُكَوِّنَ كُلِّ شَيْءٍ، إِنَّكَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ۔ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْعَدِيلَةِ عِنْدَ الْمَوْتِ، وَمِنْ شَرِّ الْمَرْجِعِ فِي الْقُبُورِ، وَمِنَ النَّدامَةِ يَوْمَ الْاَزِفَةِ فَأَسْأَلُكَ أَنْ تُصَلِّيَ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَأَنْ تَجْعَلَ عَيْشِي عِيشَةً نَقِيَّةً وَمِيتَتِي مِيتَةً سَوِيَّةً وَمُنْقَلَبِي مُنْقَلَباً كَرِيماً غَيْرَ مُخْزٍ وَلَا فاضِحٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِهِ الْاَئِمَّةِ يَنابِيعِ الْحِكْمَةِ وَأُولِي النِّعْمَةِ، وَمَعادِنِ الْعِصْمَةِ، وَاعْصِمْنِي بِهِمْ مِنْ كُلِّ سُوءٍ، وَلَا تَأْخُذْنِي عَلَى غِرَّةٍ وَلَا عَلَى غَفْلَةٍ، وَلَا تَجْعَلْ عَواقِبَ أَعْمَالِي حَسْرَةً، وَارْضَ عَنِّي، فَإِنَّ مَغْفِرَتَكَ لِلظَّالِمِينَ وَأَنَا مِنَ الظَّالِمِينَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي مَا لَا يَضُرُّكَ وَأَعْطِنِي مَا لَا يَنْقُصُكَ فَإِنَّكَ الْوَسِيعُ رَحْمَتُهُ الْبَدِيعُ حِكْمَتُهُ وَأَعْطِنِي السَّعَةَ وَالدَّعَةَ وَالْاَمْنَ وَالصِّحَّةَ وَالنُّجُوعَ

وَالْقُنُوعَ وَالشُّكْرَ وَالْمُعَافَاةَ وَالتَّقْوىٰ وَالصَّبْرَ وَالصِّدْقَ عَلَيْكَ وَعَلَى أَوْلِيَائِكَ وَالْيُسْرَ وَالشُّكْرَ، وَأعْمِمْ بِذلِكَ يَارَبِّ أَهْلِي وَوَلَدِي وَ إِخْوانِي فِيكَ وَمَنْ أَحْبَبْتُ وَأَحَبَّنِي وَوَلَدْتُ وَوَلَدَنِي مِنَ الْمُسْلِمِينَ وَالْمُؤْمِنِينَ يَارَبَّ الْعالَمِينَ

ابن رشیم کا بیان ہے کہ یہ دعا نمازِ شب کی آٹھ رکعت کے بعد نمازِ وتر سے پہلے پڑھی جائے۔ اِس کے بعد تین رکعت نمازِ شفع و وتر ادا کر کے یہ دُعا پڑھے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي لَا تَنْفَدُ خَزائِنُهُ وَلَا يَخافُ آمِنُهُ، رَبِّ إِنِ ارْتَكَبْتُ الْمَعاصِيَ فَذلِكَ ثِقَةٌ مِنِّي بِكَرَمِكَ، إِنَّكَ تَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبادِكَ، وَتَعْفُو عَنْ سَيِّئاتِهِمْ وَتَغْفِرُ الزَّلَلَ وَإِنَّكَ مُجِيبٌ لِدَاعِيكَ وَمِنْهُ قَرِيبٌ وَأَ نَا تائِبٌ إِلَيْكَ مِنَ الْخَطَايَا وَراغِبٌ إِلَيْكَ فِي تَوْفِيرِ حَظِّي مِنَ الْعَطَايَا، يَا خالِقَ الْبَرايَا، يَا مُنْقِذِي مِنْ كُلِّ شَدِيدَةٍ، يَامُجِيرِي مِنْ كُلِّ مَحْذُورٍ، وَفِّرْ عَلَيَّ السُّرُورَ، وَا كْفِنِي شَرَّ عَواقِبِ الْأُمُورِ، فَأَنْتَ اللّٰهُ عَلَى نَعْمائِكَ وَجَزِيلِ عَطَائِكَ مَشْكُورٌ، وَلِكُلِّ خَيْرٍ مَذْخُورٌ.

واضح رہے کہ علمائے کرام نے اِس رات کے لئے مخصوص نماز بھی نقل کی ہے جس کے ذکر کرنے کی اِس مقام پر گنجائش نہیں ہے۔

روزِ اوّلِ رجب

انتہائی باشرافت دن ہے اور اِس میں چند اعمال ہیں:

(۱) غسل کرنا۔

(۲) روزہ رکھنا۔ روایت میں ہے کہ جنابِ نوح علیہ السلام اسی تاریخ میں کشتی میں سوار ہوئے تھے اور آپ نے اپنے ساتھیوں سے فرمایا تھا کہ روزہ رکھو کہ جو شخص بھی اِس دن روزہ رکھے گا پروردگارِ عالم جہنّم کو اُس سے ایک سال کے فاصلہ تک دور کر دے گا

(۳) زیارتِ امام حسین علیہ السلام پڑھنا کہ شیخ نے بشیر دہّان سے روایت کی ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ جو شخص زیارتِ امام حسین علیہ السلام ماہِ رجب کے پہلے دن پڑھے تو خدا اُس کو ضرور بخش دے گا۔

(۴) وہ طولانی دُعا پڑھے جو سیّد رحمۃ اللہ علیہ نے اقبال میں نقل کی ہے۔

(۵) نمازِ سلمان کا سلسلہ شروع کرے اِس طرح کہ دس رکعت نماز پڑھے جس میں ہر دو رکعت کے بعد سلام پڑھے اور ہر رکعت میں ایک مرتبہ (سُورۂ الحمد) اور تین مرتبہ (سُورۂ توحید) اور تین مرتبہ (سورۂ قُل یا ایّہا الکُفرون) پڑھے اور سلام کے بعد ہاتھوں کو بلند کر کے پڑھے

(لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَحدَهٗ لَا شَرِيكَ لَهٗ لَهُ المُلكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَا يَمُوتُ بِيَدِهِ الخَيرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

قَدِيْرٌ) پڑھے (اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعطيت وَلَامُعطِي لِمَا مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَاالجَدِّ مِنكَ الجَدُّ) پھر ہاتھوں کو اپنے چہرہ پر پھیرے۔ پھر پندرہ رجب کو بھی یہی نماز اِسی طرح پڑھے لیکن دعا میں (عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ) کے بعد کہے (اِلٰهًا وَاحِدًا اَحَدًا فَرْدًا صَمَدًا لَم يَتَّخِذ صَاحِبَةً وَلَا وَلَدًا) پھر مہینہ کے آخری دن بھی یہی نماز پڑھے لیکن (عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ) کے بعد اِس طرح کہے (وَصَلَّى اللهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ اٰلِهِ الطَّاهِرِيْنَ وَلَا حَولَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ العَلِيِّ العَظِيْمِ) پھر اپنے ہاتھوں کو چہرہ پر مل کر اپنی حاجت طلب کرے۔ اور دیکھو اِس نماز کے فوائد سے غفلت نہ ہونی چاہیئے کہ وہ بہت ہیں اور حضرت سلمان رحمۃ اللہ علیہ کی پہلی رجب میں ایک اور نماز بھی وارد ہوئی ہے جو دو رکعت ہے اور ہر رکعت میں (سُورۂ الحمد) اور تین مرتبہ (سُورۂ توحید) ہے۔ اِس کی بڑی فضیلت ہے اور خلاصہ یہ ہے کہ گناہوں کی مغفرت، فتنۂ قبر، عذابِ قیامت، جذام، برص، اور ذات الجنب سے حفاظت کا بہترین ذریعہ ہے۔ سیّد رحمۃ اللہ علیہ نے اِس دن کے لئے چار رکعت نماز نقل کی ہے جسے کتابِ اقبال میں دیکھا جاسکتا ہے۔ واضح رہے کہ اِسی دن ۵۷ھ میں امام محمد باقر علیہ السلام کی ولادت ہے اگرچہ میرے نزدیک یہ تاریخ تین صفر ہے۔ اِس کے علاوہ ایک قول کے مطابق دوسری رجب کو ۲۱۲ھ میں

امام علی نقی علیہ السلام کی ولادتِ باسعادت ہے اور آپ کی شہادت ۲۵۴ھ میں ۳/رجب کو (سُرَّ مَن رایَ) میں ہوئی ہے اور ابن عیاّش کے قول کے مطابق ۱۰/رجب کو امام محمد تقی علیہ السلام کی ولادتِ باسعادت ہے۔

تیرہویں رات

واضح رہے کہ ماہِ رجب میں مستحب ہے کہ تیرہویں رات میں دو رکعت نماز ادا کرے۔ ہر رکعت میں۔

(سُورۂ الحمد) (سورۂ یٰس) (سورۂ تبارك المُلك) اور (سورۂ توحید) پڑھے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ جو شخص ایسا کرے گا وہ ماہِ رجب، شعبان و رمضان اِن تینوں مہینوں کی ساری فضیلت حاصل کر لے گا اور اُس کے شرک کے علاوہ تمام گناہ بخش دیئے جائیں گے۔

تیرہواں دن

یہ ایامِ البیض کی ابتدا ہے۔ اِس دن اور اِس کے بعد کے دونوں کے روزوں کا بہت ثواب وارد ہوا ہے۔ اور اگر کوئی شخص عمل اُمِ داوٗد بجالانا چاہتا ہے تو اُسے اِس دن بھی روزہ رکھنا چاہیئے۔ اِس دن بنا بر مشہور ۳۰ عام الفیل میں مکّہ معظمہ خانۂ کعبہ میں حضرت علی علیہ السلام کی ولادتِ باسعادت ہے۔

چودھویں رات

واضح رہے کہ ماہِ رجب میں مستحب ہے کہ چودھویں رات میں چار رکعت نماز دو سلام کے ساتھ ادا کرے۔ ہر رکعت میں (سورۂ الحمد) (سورۂ یٰس) (سورۂ تبارك المُلك) اور (سورۂ توحید) پڑھے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ جو شخص ایسا کرے گا وہ ماہِ رجب، شعبان و رمضان اِن تینوں مہینوں کی ساری فضیلت حاصل کرلے گا اور اُس کے شرک کے علاوہ تمام گناہ بخش دیئے جائیں گے۔

پندرھویں شب

نہایت درجہ فضیلت والی رات ہے اور اِس میں چند اعمال ہیں:

(۱) اِس شب میں غسل کرے کہ بعض علماء نے فرمایا ہے اور رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت ہے کہ جو شخص ماہِ رجب کو حاصل کرلے اور اُس کی پندرھویں شب میں غسل کرے وہ گناہوں سے یوں نکل آتا ہے جیسے شکمِ مادر سے پیدا ہوا ہو۔

(۲) ساری رات عبادت میں بیدار رہنا جیسا کہ علّامہ مجلسی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے۔

(۳) زیارتِ امام حسین علیہ السلام۔

(۴) واضح رہے کہ ماہِ رجب میں مستحب ہے کہ پندرھویں رات میں چھ رکعت نماز

تین سلام کے ساتھ ادا کرے۔ ہر رکعت میں (سُورۂ الحمد) (سورۂ یٰسں) (سورۂ تبارك المُلك) اور (سُورۂ توحید) پڑھے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ جو شخص ایسا کرے گا وہ ماہِ رجب، شعبان و رمضان اِن تینوں مہینوں کی ساری فضیلت حاصل کر لے گا اور اُس کے شرک کے علاوہ تمام گناہ بخش دیئے جائیں گے۔

(۵) تیس رکعت نماز۔ ہر رکعت میں (سُورۂ الحمد) اور دس مرتبہ (سُورۂ توحید) کہ اِس نماز کو سیّد رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بیحد فضیلت کے ساتھ نقل کیا ہے۔

(۶) بارہ رکعت نماز ہر دو رکعت پر سلام کے ساتھ۔ اِس میں ہر رکعت میں (سُورۂ الحمد) (سُورۂ توحید) (سورۂ فلق) (سورۂ ناس) (اٰیَةُ الکُرسِی) اور (سُورۂ قدر) ہر ایک کو چار مرتبہ پڑھے اور سلام کے بعد چار مرتبہ کہے (اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّیْ لَآ اُشْرِكُ بِهٖ شَيْـئًا وَّلَا اَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِهٖ وَلِيًّا) اِس کے بعد جو چاہے طلب کرے۔ اِس نماز کو اِسی طریقہ سے سیّد رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے لیکن شیخ نے مصباح میں داؤد بن سرحان سے روایت کی ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ پندرہویں رجب کی رات میں بارہ رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں (سُورۂ الحمد) اور (سورہ) اور جب فارغ ہو جائے تو

(سُورۂ الحمد)(سورۂ معوذتین)(سورۂ اخلاص)اور(اٰیۃُ الکُرسِی)کو چار مرتبہ پڑھے اور اِس کے بعد پڑھے(سُبحَانَ اللهِ وَالحَمدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللهُ وَ اللهُ اَکبَرُ) پھر پڑھے(اللهُ اللهُ رَبِّی لَا اُشرِكُ بِهِ شَيئًا وَمَا شَآءَ اللهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ العَلِيِّ العَظِيمِ)اور ستائیسویں کی شب میں بھی اِس عمل کو بجالائے۔

پندرہ رجب

نہایت برکت والا دن ہے اور اِس میں چند اعمال ہیں:

(۱) غسل کرنا۔

(۲) زیارتِ حضرت امام حسین علیہ السلام۔ ابن ابی نصر سے منقول ہے کہ میں نے حضرت امام رضا علیہ السلام سے دریافت کیا کہ کس مہینہ میں امام حسین علیہ السلام کی زیارت کیا کروں تو آپ نے فرمایا کہ نیمۂ رجب اور نیمۂ شعبان میں۔

(۳) نمازِ سلمان اِسی طرح جو روزِ اوّل میں بیان ہو چکی ہے۔

(۴) چار رکعت نماز پڑھے اور سلام کے بعد ہاتھ کو بارگاہِ خدا میں اُٹھا کر یوں کہے:

اَللّٰھُمَّ یَا مُذِلَّ کُلِّ جَبَّارٍ، وَیَا مُعِزَّ الْمُؤْمِنِینَ، أَنْتَ کَھْفِی حِیْنَ تُعْیِیْنِی الْمَذَاھِبُ وَأَنْتَ بَارِءُ خَلْقِی رَحْمَةً بِی، وَقَدْ کُنْتَ عَنْ خَلْقِی غَنِیّاً، وَلَوْلَا رَحْمَتُكَ لَکُنْتُ مِنَ الْھَالِکِینَ، وَأَنْتَ مُؤَیِّدِی بِالنَّصْرِ عَلَی أَعْدَائِی، وَلَوْلَا نَصْرُكَ إِیَّایَ لَکُنْتُ مِنَ

الْمَفْضُوحِينَ، يَا مُرْسِلَ الرَّحْمَةِ مِنْ مَعادِنِها، وَمُنْشِئَ الْبَرَكَةِ مِنْ مَواضِعِها، يَا مَنْ خَصَّ نَفْسَهُ بِالشُّمُوخِ وَالرِّفْعَةِ فَأَوْلِياؤُهُ بِعِزِّهِ يَتَعَزَّزُونَ، وَيَا مَنْ وَضَعَتْ لَهُ الْمُلُوكُ نِيرَ الْمَذَلَّةِ عَلَى أَعْنَاقِهِمْ فَهُمْ مِنْ سَطَواتِهِ خائِفُونَ، أَسْأَلُكَ بِكَيْنُونِيَّتِكَ الَّتِي اشْتَقَقْتَهَا مِنْ كِبْرِيائِكَ، وَأَسْأَلُكَ بِكِبْرِيائِكَ الَّتِي اشْتَقَقْتَهَا مِنْ عِزَّتِكَ، وَأَسْأَلُكَ بِعِزَّتِكَ الَّتِي اسْتَوَيْتَ بِها عَلَى عَرْشِكَ فَخَلَقْتَ بِها جَمِيعَ خَلْقِكَ فَهُمْ لَكَ مُذْعِنُونَ أَنْ تُصَلِّيَ عَلَى مُحَمَّدٍ وَأَهْلِ بَيْتِهِ۔

روایت میں ہے کہ جو صاحبِ غم اِس دعا کو پڑھے گا خداوندِ عالم اُس کو غم سے نجات عطا کرے گا۔

(۵) **عمل اُمِّ داوٗد:** اِس دن کا بہترین عمل ہے۔ تمام حاجتوں کے پورا ہونے، رنج وغم کے دفع ہونے اور ظالموں کو دور کرنے کے لئے۔ اِس عمل کا طریقہ مصباح شیخ رحمۃ اللہ علیہ کے مطابق یہ ہے کہ جب اِس عمل کو بجالانا چاہے تو پہلے تیرہ، چودہ، پندرہ، رجب کو روزہ رکھے۔ پھر پندرہویں کو وقتِ زوال غسل کرے اور زوال کے بعد نمازِ ظہر وعصر بہترین رکوع اور سجدہ کے ساتھ تنہائی کے مقام میں بجالائے کہ کوئی چیز اُس کو مشغول نہ کر سکے اور کوئی اُس سے بات نہ کرے اور جب نماز سے فارغ ہو جائے تو روبقبلہ رہ کر (سُورۂ الحمد) سو مرتبہ (سُورۂ اخلاص) سو مرتبہ اور (آیۃُ الکُرسی) دس

مرتبہ پڑھے۔ اِس کے بعد (سورۂ انعام) (سورۂ بنی اسرائیل) (سورۂ کہف) (سورۂ لقمان) (سورۂ یٰس) (سورۂ صافات) (سورۂ حٰم سجدہ) (سورۂ حٰم عَسق) (سورۂ حٰم دُخان) (سورۂ فتح) (سورۂ واقعہ) (سورۂ مُلک) (سورۂ ن) (سورۂ اذا السماء انشقت) اور اِس کے بعد قرآن کے آخر تک کے تمام سورے پڑھے اور جب اِس سے فارغ ہو جائے تو روبقبلہ یہ دعا بھی پڑھے:

